askaribank LIMITED

نوٹس برائے 32 واں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عسکری بینک لمیٹڈ (بینک) کے شیئر ہولڈرز کا 32واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 مارچ 2024 بروز جمعرات بوقت صبح 10 بجے بمقام کہکشاں ون ہال، سرینا ہوٹل، اسلام آباد اور بذریعہ Zoom منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

عمومی کارروائی

1۔ 29 مارچ 2023 کو منعقد 31 ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (مستحکم اور غیر مستحکم) لسٹڈ کمپنیوں (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ساتھ کمپلائنس کا بیان، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ پر غور وخوص اور منظوری دینا۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے لیے 25% یعنی 2.5 روپے فی شیئر کے حساب سے نقد منافع کی منظوری دینا۔

4۔ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے قانونی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کی اجرت کا تعین کرنا۔ بینک کے موجودہ آڈیٹرز، میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیش کش کی اور 21 فروری 2024 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی گئی ہے۔

خصوصی کارروائی:

5۔ بورڈ اور بورڈ کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کرنے کے لیے ڈائریکٹرز کی اجرت میں اضافہ کرنے پر غور وخوص، اور مناسب سمجھنے پر منظوری دینا؛ اس سلسلے میں مادی حقائق پر مبنی بیان میں تجویز کے مطابق ترامیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا بغیر، عمومی قرارداد کو منظور کرنا۔

6۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز پر، بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کا حصہ بنا کر QR کے حامل کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنا، اور اس کے لیے خصوصی امور پر مبنی بیان میں تجویز کے مطابق ترامیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا بغیر، عمومی قرارداد کو منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان 32 ویں سالانہ اجلاس کے نوٹس کی پرنٹڈ کاپی کے ساتھ تمام ممبران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

دیگر کارروائی:

7۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں دیگر کسی بھی کاروبار کو زیر غور لانے کے لیے پیش کرنا۔

بحکم بورڈ

راولپنڈی
7 مارچ 2024

سید علی صفدر نقوی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

1۔ سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک / ورچوئل ذرائع سے شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، حامل شیئر کی تعداد، موبائل نمبر (فعال) اور اپنے نام سے منسوب ای میل ایڈریس سے عسکری بینک لمیٹڈ کے 32 ویں سالانہ اجلاس عام کے لیے رجسٹریشن کے عنوان سے ir@askaribank.com.pk پر ای میل کریں۔ سالانہ اجلاس عام میں شامل ہونے کے لیے Zoom لنک صرف ان شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جائے گا جن کی جانب سے مطلوبہ تفصیلات سالانہ اجلاس عام کے شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔

2۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 مارچ 2024 سے 28 مارچ 2024 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ بینک کے شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابان ایوان اقبال، لاہور بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر آفس کو مورخہ 21 مارچ 2024 تک کاروبار بند ہونے سے پہلے موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت سمجھا جائے گا۔

3۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے لیے ایک پراکسی مقرر کر سکتا / سکتی ہے۔ کوئی بھی ایسا شخص بطور پراکسی شرکت نہیں کر سکتا جو بینک کا ممبر نہ ہو، البتہ سوائے حکومت پاکستان (GOP) یا اسٹیٹ بینک اور کاروباری ادارہ کی طرف سے ایسے شخص کو پراکسی مقرر کیا جا سکتا ہے جو بینک کا ممبر نہ ہو۔

4۔ پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز ممبر یا اس کی تحریری طور پر بااختیار اٹارنی سے دستخط شدہ ہونی چاہئے۔ اگر ممبر ایک کاروباری ادارہ ہے سوائے حکومت پاکستان (GOP) یا اسٹیٹ بینک کے تو تصدیق شدہ انسٹرومنٹ کی کاپی جس کے تحت متعلقہ شخص کو پراکسی مقرر کیا گیا ہے جمع کروانی ہوگی۔

5۔ پراکسی مقرر کئے جانے سے متعلق دستاویزات کے ساتھ پاور آف اٹارنی یا بورڈ کی قرارداد (اگر کوئی ہو) کی تصدیق شدہ کاپی، کمپنی سیکریٹری آفس عسکری بینک لمیٹڈ، 4th فلور، این پی ٹی بلڈنگ، ایف 8 مرکز، اسلام آباد کو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی طور پر وصول ہو جانا چاہئے۔

6۔ اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرے اور ممبر کی جانب سے ایک سے زائد تقرر نامے جمع کرائے گئے ہوں تو ایسے تمام تقرر نامے غیر موثر تصور کئے جائیں گے۔ نمائندگی فارم دو افراد کی گواہی کے ساتھ جمع کرائے جائیں جن کا نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہو۔

7۔ مستفید ہونے والے مالکان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

8۔ انفرادی شیئر ہولڈر کی صورت میں اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں اس کی تصدیق اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ مع شرکت کنندگان کے شناختی کارڈ نمبر اور ان کا اکاؤنٹ نمبرز دکھانے پر کی جائے گی۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ دستخط کے نمونے کے ہمراہ پراکسی فارم بینک کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ GOP/SBP کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی کے دستخط کے ساتھ پراکسی فارم بینک کو جمع کرایا جائے گا۔

9۔ بینک کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع کی ادائیگی کے لیے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے موجودہ مقررہ شرحیں درج ذیل ہیں:

a) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15%

b) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 30%

انکم ٹیکس ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے کاٹا جاتا ہے۔ لہٰذا ان تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام اے ٹی ایل میں درج کئے جائیں تاکہ بینک 30% کے بجائے 15% کی شرح سے نقد منافع کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کرے۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین شیئر ہولڈرز کے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کی ''فائلر / نان فائلر'' حیثیت پر الگ سے کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ان کے پاس موجود حصص کے سلسلے میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کے حصص کا تناسب تحریری طور پر فراہم کریں۔

	پرنسپل حصص دار		مشترکہ حصص دار		
فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	مجموعی شیئر ہولڈنگ	ہولڈرز کے نام اور قومی شناختی کارڈ نمبر	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)	مشترکہ حصص داران کے نام اور قومی شناختی کارڈ نمبرز	حصص کا تناسب (حصص کی تعداد)	دستخط

مطلوبہ معلومات 21 مارچ 2024 تک شیئر رجسٹرار تک پہنچانا لازم ہے۔ بصورت دیگر حصص کو برابر مانا جائے گا۔

شیئر ہولڈرز کے لیے خصوصی نوٹس

10۔ **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں جمع کرانا (لازمی)**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کو مہیا نہیں کریں گے، ان کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لی جائے گی۔ لہٰذا ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کروائیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں بینک شیئر ہولڈرز کی ادائیگی روکنے کا پابند ہوگا۔

درست شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرانے کے لیے انگریزی اور اردو زبان میں نوٹس کی پرنٹڈ کاپی ڈی وی ڈی پیک میں بینک کے ان تمام شیئر ہولڈرز کو بھیج دی گئی ہے جن کی درست شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بینک کے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہے۔

11۔ **الیکٹرانک ذرائع سے نقد منافع کی ادائیگی (ای۔ ڈیویڈنڈ)**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کی صورت میں، نقد میں قابل ادا منافع صرف استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی طرف سے مقرر بینک اکاؤنٹ (انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر IBAN-) میں الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہ راست ادا کیا جاتا ہے۔ نقد منافع کی ادائیگیوں کے لیے IBAN لازمی ہے اور شیئر ہولڈرز کے IBAN میں منافع کی رقم براہ راست کریڈٹ کرنے کی ریگولیٹری ضروریات کی تعمیل کے لیے شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ متعلقہ معلومات درج ذیل کو مہیا کریں:

1۔ ان کا متعلقہ سی ڈی سی شرکت کنندہ / سی ڈی سی شرکت کنندہ / سی ڈی سی انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز (شیئر ہولڈنگ بک انٹری فارم میں ہونے کی صورت میں) یا

2۔ شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابان ایوان اقبال، لاہور (شیئر ہولڈنگ فزیکل شکل میں ہونے کی صورت میں)۔

12۔ **غیر دعویٰ شدہ / غیر وصول شدہ منافع اور بونس حصص**

بینک کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق، بہت سے غیر دعویٰ شدہ / غیر وصول شدہ / غیر ادا شدہ منافع اور حصص ہیں۔ اس کی تفصیلات بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com پر موجود ہیں۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کے مطابق بینک کی جانب سے جاری کردہ یا اعلان کردہ کوئی بھی قابل ادا منافع شیئرز جو واجب الادا اور قابل ادائیگی تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ ہوں، انہیں شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ دائر کرنے کے لیے نوٹسز جاری کرنے کے بعد وفاقی حکومت کو کریڈٹ کرنے کے لیے ایس ای سی پی کے پاس جمع کرانا ضروری ہے۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ غیر دعویٰ شدہ منافع اور حصص کے لیے ان کے دعووں کو فوری طور پر دائر کروائیں۔ اگر کوئی دعویٰ درج نہیں کیا جاتا ہے تو بینک کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)244 کی شق کے مطابق غیر دعویٰ شدہ / غیر ادا شدہ رقم اور حصص وفاقی حکومت کے پاس جمع کروانے کے لیے کارروائی کرے گا۔

13۔ **آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی ترسیل اور شیئر ہولڈرز کو ای میل (اختیاری) یا سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی کے ذریعے نوٹسز**

بینک نے 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اپنی ویب سائٹ www.askaribank.com پر فراہم کر دی ہیں۔

31 مارچ 2017 کو منعقد ہونے والے بینک کے 25 ویں اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی اتفاق رائے سے منظوری کے مطابق، ڈی وی ڈیز تمام شیئر ہولڈرز کو ارسال کر دی گئی ہیں۔ مزید براں، سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپیاں بھی شیئر ہولڈرز کو حسب مطالبہ ارسال کر دی گئی ہیں۔

14۔ **وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق (2)123 کے مطابق، شیئر ہولڈرز 32 ویں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ بینک کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات دن قبل 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز سے رضامندی حاصل ہو۔ براہ کرم نیچے دیا گیا فارم پُر کر کے اس کی دستخط شدہ کاپی کمپنی سیکریٹری، عسکری بینک لمیٹڈ، 4th فلور، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد کو ارسال کریں یا دستخط شدہ فارم ir@askaribank.com.pk پر ای میل کریں:

میں / ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔، (شہر کا نام) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے عسکری بینک لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے تحت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حامل عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر / سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بمقام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں / کرتی ہوں / کرتے ہیں۔

ممبر کے دستخط

15۔ **سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں فزیکل حصص کا ڈیپازٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق تمام فہرست شدہ کمپنیوں کو ایکٹ کے نفاذ کے چار سال کے اندر ان کے جاری کردہ حصص کو فزیکل شکل میں بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوگا۔ اس کے مطابق بینک کے تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ بک انٹری فارم میں حصص کی دیکھ بھال سے شیئر ہینڈلنگ کا عمل زیادہ موثر اور خطرے سے پاک ہو جائے گا۔ مزید براں، اس سے سی ڈی سی کے ساتھ حصص کی محفوظ تحویل میں شیئر ہولڈرز کے استحقاق کے فوری کریڈٹ (بونس حصص اور حقوق کا حصہ) میں آسانی ہوگی، نقصان کا خطرہ ختم ہوگا اور اوپن مارکیٹ وغیرہ میں فروخت / خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب ہوگا۔ شیئر ہولڈرز بینک کے شیئر رجسٹرار سے اس ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں: سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابان ایوان اقبال، لاہور۔

16۔ **پتہ / تفصیلات میں تبدیلی**

فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں بینک کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابان ایوان اقبال، لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ براہ مہربانی اپنے متعلقہ سی ڈی سی شرکت کنندہ / بروکر / سرمایہ کار اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے، شیئر ہولڈرز کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے ایک فارم بینک کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

17۔ **زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50)**

ادا شدہ منافع سے زکوٰۃ کی کٹوتی شیئر کی ادا شدہ قیمت کے 2.5 فیصد (-/10 روپے فی عدد) کی شرح سے ہوگی اور متعلقہ اتھارٹی کو مجوزہ عرصہ کے اندر جمع کروا دی جائے گی۔ استثنیٰ کی دعویداری کی صورت میں، برائے مہربانی زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، 1980 اور زکوٰۃ (کٹوتی اور رقم کی واپسی) قواعد، 1981، CZ-50 فارم کے رول نمبر 4 کے تحت اپنے زکوٰۃ ڈیکلریشنز شیئر رجسٹرار کو عسکری بینک کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو اور CDC اکاؤنٹ نمبر درج کر کے جمع کروائیں۔

18۔ **پوسٹل بیلٹ / ای ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے مطابق اور مورخہ 5 دسمبر 2022 کو ایس آر او کے ذریعے پوسٹل بیلٹ ریگولیشن، 2018 کی حالیہ ترامیم کی سرکیولیشن کی گئی، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ اسپیشل بزنس پر پولنگ کے لیے شیئر ہولڈرز کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو مذکورہ بالا ریگولیشنز کی شرائط وضوابط سے مشروط ہوگی۔

ای ووٹنگ کا طریقہ کار

1۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بینک کے ان ممبران کو ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے فعال CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس جمعرات، 21 مارچ 2024 کو کاروبار کے اختتام تک بینک کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

2۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے ممبران کو بھیجے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

3۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

4۔ ای ووٹنگ لائنز 25 مارچ 2024 صبح 9 بجے شروع ہوں گی اور 27 مارچ 2024 کو شام 5 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی ممبر کے ذریعہ ووٹ ڈال دیا جاتا ہے، تو بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ درست طریقے سے پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بدھ 27 مارچ 2024 تک یا اس سے پہلے اوقات کار میں کمپنی سیکریٹری کو ڈاک کے ذریعے چوتھی منزل، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد پہنچ جائیں یا ای میل کے ذریعے ir@askaribank.com.pk پر بھیج دیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط جیسے ہونے چاہئیں۔ پوسٹل بیلٹ پیپر AKBL کی ویب سائٹ www.askaribank.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بھی دستیاب ہے یا اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے یا اخبارات میں شائع ہونے والا کاغذ استعمال کریں۔

براہ مہربانی نوٹ کریں کہ ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے سمیت ووٹنگ میں کسی تنازعہ کی صورت میں چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

عسکری بینک لمیٹڈ

28 مارچ 2024 بروز جمعرات صبح 10 بجے کہکشاں ون ہال، سرینا ہوٹل، اسلام آباد میں منعقد ہونے والے 32 ویں سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لیے پوسٹ کے ذریعے بیلٹ پیپر ووٹنگ

ویب سائٹ: www.askaribank.com

فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	
شیئر ہولڈر / پراکسی ہولڈر کا نام	
رجسٹرڈ ایڈریس	
رکھے گئے شیئرز کی تعداد	
CNIC / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے)	
اضافی معلومات اور وضاحتیں (کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن، اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	
مجاز دستخط کنندہ کا نام	
مجاز دستخط کنندہ کا CNIC / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے)	

عمومی قرارداد

ایجنڈا آئٹم نمبر 5

بورڈ اور بورڈ کی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کرنے کے لیے ڈائریکٹرز کے معاوضہ میں اضافہ کرنے پر غور وخوص، اور مناسب سمجھنے پر منظوری دینا؛ اس سلسلے میں اصل حقائق پر مبنی بیان میں تجویز کے مطابق ترامیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا بغیر، عمومی قرارداد کو منظور کرنا۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز پر، بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کا حصہ بنا کر QR کے حامل کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کرنا، اور اس کے لیے اصل حقائق پر مبنی بیان میں تجویز کے مطابق ترامیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا بغیر، عمومی قراردادوں کو منظور کرنا۔

پول کے لیے ہدایات

1۔ براہ کرم متعلقہ باکس پر (✓) نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔

2۔ اگر دونوں خانوں پر (✓) کا نشان لگایا گیا تو، آپ کے بیلٹ پیپر کو ''مسترد'' سمجھا جائے گا۔

میں / ہم مندرجہ بالا قراردادوں کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ پیپر کے ذریعے استعمال کرتے ہیں اور نیچے دیئے گئے مناسب خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قراردادوں پر میری / ہماری رضامندی یا اختلاف رائے پہنچاتے ہیں۔

قرارداد	میں / ہم قراردادوں کی منظوری دیتے ہیں (حق میں)	میں / ہم قراردادوں سے اختلاف کرتے ہیں (خلاف)
عمومی قرارداد		
عمومی قراردادیں		

نوٹس:

1۔ درست طریقے سے پُر کئے ہوئے بیلٹ پیپر کو کمپنی سیکریٹری، عسکری بینک لمیٹڈ، 4th فلور، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد کو بھیجیں یا ir@askaribank.com.pk پر ای میل کریں۔

2۔ CNIC / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئے۔

3۔ بیلٹ پیپر 27 مارچ 2024 بدھ تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں کمپنی سیکریٹری تک پہنچ جانا چاہئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں آئے گا۔

4۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC / پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کے دستخط جیسے ہونی چاہئے۔

5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، موڑا ہوا، ضرورت سے زیادہ لکھا ہوا پول پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ کسی کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 یا 139 کے مطابق، بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ ریزولوشن / پاور آف اٹارنی / اتھارٹی لیٹر وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی ہونا ضروری ہے۔ غیر ملکی کارپوریٹ ادارے وغیرہ کی صورت میں تمام دستاویزات کونسل جنرل آف پاکستان سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔ جن کا دائرہ اختیار ممبر بیلٹ پیپر فارم بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com پر بھی رکھا گیا ہے۔

7۔ بیلٹ پیپر فارم بینک کی ویب سائٹ www.askaribank.com پر بھی رکھا گیا ہے۔ اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل / فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

شیئر ہولڈر / پراکسی ہولڈر دستخط / مجاز دستخط کنندہ

تاریخ: _____